روزنامہ راشٹریہ
سہارا
ROZNAMA RASHTRIYA SAHARA NEW DELHI
www.roznamasahara.com @RoznamaRSahara @RoznamaRSahara
نئی دہلی•ممبئی•کولکاتا•لکھنؤ•گورکھپور•کانپور•پٹنہ•حیدرآباد•اور بنگلورو سے ایک ساتھ
ہندوستان کا نمبر ایک قومی اردو اخبار
Edition:
New Delhi•Mumbai•Kolkata
Lucknow•Gorakhpur•Kanpur
Patna•Hyderabad•Bengaluru
NEW DELHI (CITY) Pages: 12 ₹ 4/- Vol:23 Issue :8489
•حب الوطنی •فرض شناسی •ایثار «یعنی مکمل سچ» 6/رمضان المبارک 1444ھ بدھ شمارہ نمبر:8489 سال:23
Wednesday 29 March 2023

12
**چینی صدر کا ولی عہد محمد بن سلمان کو ٹیلی فون**

# جامعہ ملیہ اسلامیہ تشدد کیس میں ہائی کورٹ نے ٹرائل کورٹ کے فیصلے کو پلٹ دیا

## شرجیل صفورا سمیت 9 افراد کو دوبارہ ملزم قرار دیا ◻ کیس پھر سے چلے گا

**نئی دہلی، (ایجنسیاں)**

دہلی ہائی کورٹ نے منگل کو ٹرائل کورٹ کے اس فیصلے کو جزوی طور پر پلٹ دیا، جس میں جامعہ ملیہ اسلامیہ میں تشدد کے ملزمین کو بری کیا گیا تھا۔ دہلی ہائی کورٹ نے اس معاملے میں بری کیے گئے 11 میں سے 9 لوگوں کو دوبارہ ملزم بنایا ہے۔ ان میں صفورا زرگر، شرجیل امام، آصف اقبال تنہا، محمد قاسم، محمود انور، شجر رضا، عمیر احمد، محمد بلال ندیم اور چندا یادو شامل ہیں۔ دہلی پولیس نے دسمبر 2019 میں ہونے والے تشدد میں 11 لوگوں کو ملزم بنایا تھا۔ ان لوگوں کے خلاف تشدد، غیر قانونی طور پر جمع ہونے، سرکاری ملازمین کے راستے میں رکاوٹ ڈالنے اور دیگر کئی دفعات کے تحت مقدمہ درج کیا گیا ہے۔ 4 فروری کو ٹرائل کورٹ نے تشدد کیس میں تمام 11 لوگوں کو بری کر دیا تھا۔ دہلی پولیس نے اس کے خلاف ہائی کورٹ میں عرضی داخل کی تھی۔

جسٹس سورن کانتا شرما نے فیصلہ سناتے ہوئے کہا کہ 'اظہار رائے کی آزادی سے کسی کو نہیں روکا جاتا ہے، لیکن یہ عدالت اپنی ذمہ داری سے آگاہ ہے اور عدالت نے اسی بات کو مدنظر رکھتے ہوئے اس معاملے میں فیصلہ دینے کی کوشش کی ہے۔ پرامن طور پر جمع ہونے کے حق پر بھی قدغن لگائی جاسکتی ہے۔ عدالت املاک کو پہنچنے والے نقصان اور امن کی خلاف ورزی کا دفاع نہیں کرتی۔' واضح رہے کہ دسمبر 2019 میں دہلی کی جامعہ ملیہ اسلامیہ یونیورسٹی کے کچھ طلبا اور مقامی لوگوں نے شہریت ترمیمی قانون (سی اے اے) اور نیشنل رجسٹر آف سٹیزن (این آر سی) کے خلاف احتجاج شروع کیا۔ ان لوگوں نے اعلان کیا کہ وہ پارلیمنٹ تک ریلی نکالیں گے۔ حالانکہ یہ احتجاج جلد ہی پرتشدد شکل اختیار کر گیا۔ پولیس نے انہیں روکنے کے لیے طاقت کا استعمال کیا۔ اس کے بعد احتجاج کرنے والے کچھ طلبا مبینہ طور پر یونیورسٹی میں گھس گئے۔ اس کے بعد جامعہ یونیورسٹی اور اس کے آس پاس کے علاقوں میں تشدد پھوٹ پڑا۔ دہلی پولیس نے اس معاملے میں 12 لوگوں کو ملزم بنایا تھا۔ ان لوگوں کے خلاف ہنگامہ آرائی اور غیر قانونی طور پر جمع ہونے سمیت آئی پی سی کی مختلف دفعات کے تحت مقدمات درج کیے گئے تھے۔ امام، زرگر، محمد قاسم، محمود انور، شجر رضا، عمیر احمد، محمد بلال ندیم اور چندا یادو کے خلاف آئی پی سی کی دفعہ 143، 147، 149، 186، 353، 427 اور پریونشن آف ڈیمج ٹو پبلک پراپرٹیز ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کیا گیا ہے۔ محمد شعیب اور محمد ابوزر کو آئی پی سی کی دفعہ 143 کے تحت ملزم بنایا گیا تھا۔ انہیں تمام الزامات سے بری کر دیا گیا ہے۔ تنہا کو دفعہ 308، 323، 341 اور 435 کے تحت بری کر دیا گیا تھا۔ انہیں دیگر دفعات کے تحت ملزم بنایا گیا ہے۔

# امیش پال اغوا معاملہ عتیق احمد سمیت 3 کو عمر قید ◻ اشرف سمیت 7 ملزمان بری

## یوپی پولیس کی تحویل کے دوران سیکورٹی کی اپیل کی عرضی سپریم کورٹ سے خارج ◻ ہائی کورٹ سے رجوع کرنے کی ہدایت ◻ عتیق سابرمتی جیل کیلئے روانہ

**پریاگ راج، (ایس این بی)**

امیش پال اغوا مقدمہ میں ضلع کی ایم پی۔ ایم ایل اے کورٹ کے خصوصی جج ڈاکٹر دنیش چندر شکلا نے عتیق احمد سمیت 3 ملزمان کو قصوروار قرار دیا ہے اور تینوں کو عمر قید کی سزا سنائی ہے، ساتھ ہی ایک۔ ایک لاکھ کا جرمانہ بھی عائد کیا۔ اس معاملہ میں عتیق کے بھائی اشرف سمیت 7 ملزمان کو بری کر دیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ 17 سال پرانے اس معاملہ میں 11 افراد ملزم بنائے گئے تھے۔ ان میں سے ایک کی موت ہو چکی ہے، جن 3 قصورواروں کو عمر قید کی سزا سنائی گئی ہے، ان میں عتیق احمد کے علاوہ خان شوکت اور دنیش پاسی ہیں اور بری کیے جانے والے ملزمان میں اشرف عرف خالد عظیم، فرحان، جاوید عرف بجو، عابد، اسرار، عاشق عرف ملی، اعجاز اختر شامل ہیں۔ منگل کو جب کورٹ میں عتیق احمد کو پیش کیا گیا تو احاطے میں وکیلوں نے 'پھانسی دو پھانسی دو' کے نعرے لگائے۔ اس سے قبل نینی سینٹرل جیل سے عتیق کو بند گاڑی میں کورٹ لایا گیا، جس میں سی سی ٹی وی کیمرے اور پردے لگے ہوئے تھے۔

عتیق احمد کو گزشتہ روز پیر کی شام احمد آباد کے سابرمتی جیل سے اور اس کے بھائی اشرف کو بریلی جیل سے پریاگ راج لایا گیا تھا اور دونوں کو نینی جیل کے ہائی سیکورٹی بیرک میں الگ الگ رکھا گیا تھا۔ سیکورٹی کے لحاظ سے صبح 11:38 بجے پہلی گاڑی جیل سے خالی روانہ کی گئی اور صبح 11:48 بجے دوسری گاڑی میں فرحان تیسری گاڑی میں اشرف اور چوتھی گاڑی عتیق احمد کو لے کر روانہ ہوئی۔ جیل اور کورٹ کے مین گیٹ کے اطراف میں سیکورٹی کے سخت بندوبست تھے، جس کی وجہ سے آج جیل میں قیدیوں کی کسی سے ملاقات بھی نہیں کرائی گئی۔ خاص بات یہ رہی کہ فیصلہ کے دوران مقتول امیش پال کا کنبہ کورٹ میں حاضر نہیں ہوا۔ سیکورٹی کے مدنظر محض امیش پال کی اہلیہ جیا پال اور اس کی ماں ہی موجود رہی ان کے علاوہ بھائی و رشتہ دار کورٹ میں موجود نہیں تھے۔ کنبہ کو ڈر ستا رہا تھا کہ عتیق احمد کا 20 سال سے زیادہ کا وقت پریاگ راج سمیت اطراف کے 8 اضلاع میں دبدبہ رہا ہے۔ عتیق احمد پر سب سے پہلا مقدمہ 1979 میں درج ہوا تھا۔ عتیق احمد کے خلاف لوٹ، ڈکیتی اور اغوا سمیت 101 مقدمات درج ہیں۔ 44 سال بعد پہلی بار عتیق احمد کو یہ سزا سنائی گئی ہے۔ سزا کی تاخیر کے بارے میں بتایا جاتا ہے کہ 14 مقدمے میں گواہان اپنے بیانات سے منحرف ہو گئے تھے۔ چار مقدمات ریاستی حکومت نے واپس لے لیے تھے۔ علاوہ ازیں 12 مقدمات میں ٹرائل نہیں ہو پا رہا تھا۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ 50 معاملات عدالت میں زیر سماعت ہیں۔ 17 سال کی اس طویل قانونی لڑائی کے بعد امیش پال کے اغوا معاملہ میں عتیق احمد اور ان کے بھائی اشرف اور ان کے خاص معاون کو سزا سنائی گئی ہے۔ ادھر امیش پال قتل کیس میں سپریم کورٹ نے عتیق احمد کی سیکورٹی کی اپیل مسترد کر دی ہے۔ عتیق نے درخواست میں کہا تھا کہ جب تک وہ یوپی پولیس کی تحویل میں ہیں، اسے سیکورٹی دی جانی چاہیے۔ عتیق نے کہا تھا کہ وہ یوپی جیل منتقل نہیں ہونا چاہتا۔ اس پر سپریم کورٹ نے عتیق کے وکیل سے کہا کہ وہ اپنی شکایت ہائی کورٹ لے جائیں۔ دریں اثنا یوپی پولیس کا قافلہ مافیا عتیق احمد کے ساتھ سابرمتی جیل کیلئے روانہ ہو گیا، جبکہ اسی کیس میں ان کے بھائی کو بریلی جیل واپس بھیج دیا گیا ہے۔

عمر قید
عمر قید
عمر قید
دنیش پاسی عتیق احمد صولت حنیف

## بنگلورو میں رام نومی پر گوشت کی فروخت پر پابندی

**بنگلورو، (ایجنسیاں)**

کرناٹک میں 30 مارچ کو رام نومی کے پیش نظر، بنگلورو بی بی ایم پی حدود میں گوشت کی فروخت پر پابندی لگادی گئی ہے۔ بنگلورو شہری ادارہ نے رام نومی 2023 کے پیش نظر 30 مارچ کو برہت بنگلورو مہانگر پالیکا حدود میں گوشت کی فروخت اور جانوروں کے ذبح کرنے پر پابندی لگانے کا نوٹس جاری کیا ہے۔ بی بی ایم پی نے اس سے پہلے گاندھی جینتی اور مہا شیو راتری پر گوشت کی فروخت پر پابندی لگادی تھی۔ بی بی ایم پی علاقے میں ہر سال رام نومی اور دیگر مذہبی تقریبات کے موقع پر گوشت کی فروخت اور جانوروں کو ذبح کرنے پر پابندی لگائی جاتی ہے۔

## دہلی میں شری رام بھگوان پرتیما یاترا پر روک

**نئی دہلی، (ایجنسیاں)**

دہلی پولیس نے شمال مغربی دہلی کے جہانگیر پوری میں رام نومی کے موقع پر 'شری رام بھگوان پرتیما یاترا' کے انعقاد کیلئے ایک گروپ کو اجازت دینے سے انکار کر دیا۔ گزشتہ سال جہانگیر پوری میں ہنومان جینتی جلوس کے دوران تشدد ہوا تھا۔ پولیس نے کہا کہ رمضان میں نیتاجی سبھاش پلیس کے ایک پارک میں نماز پڑھنے کیلئے ایک گروپ کی طرف سے مانگی گئی ایک اور اجازت بھی مسترد کر دی گئی۔ نارتھ ویسٹ ڈسٹرکٹ کے اسسٹنٹ کمشنر آف پولیس (ہیڈ کوارٹر) نے پیر کو 'شری رام بھگوان پرتیما یاترا' کی اجازت دینے سے انکار کرتے ہوئے سرکاری حکم نامے پر دستخط کیے اور جاری کر دیا۔

## امریکی اسکول میں فائرنگ 3 طلبا سمیت 6 لوگوں کی موت

**واشنگٹن، (یو این آئی)**

امریکہ کے شہر نیشویل کے ایک اسکول میں پیر کی صبح فائرنگ کے نتیجے میں 3 طلبا سمیت 6 افراد ہلاک ہو گئے۔ پولیس نے بتایا کہ حملہ آور آڈری ہیل نے رائفل اور ہینڈ گن سے دی کووینٹ اسکول میں فائرنگ شروع کر دی، فائرنگ کی اطلاع ملتے ہی پولیس اسکول پہنچی اور 15 منٹ میں آڈری کو مار گرایا۔ وہ دو رائفلیں اور ایک ہینڈ گن لے کر اسکول پہنچی تھی۔ پولیس نے بتایا کہ 28 سالہ آڈری اس اسکول کی سابقہ طالب علم تھی۔ نیش ول پولیس کے ترجمان ڈان آرون نے کہا کہ آڈری اس بات پر ناراض تھی کہ اسے زبردستی کرسچن اسکول میں بھیجا گیا۔ مہلوکین میں اسکول ہیڈ اور چرچ کے پادری کی بیٹی ہیلی اسکرگس شامل تھی، جبکہ 2 دیگر بچوں کی شناخت اولن ڈکاس اور ویلیئن کنی کے طور پر ہوئی۔

# راہل نے بنگلہ خالی کرنے کے نوٹس کا جواب دیا

## کھڑگے نے مرکزی سرکار کے فیصلے کی مذمت کی ◻ سبل نے 'سطحی لوگوں کی سطحی سیاست' قرار دیا

**نئی دہلی، (ایجنسیاں)**

کانگریس لیڈر راہل گاندھی نے لوک سبھا کے رکن کی حیثیت سے انہیں الاٹ کیے گئے 12 تغلق لین کے بنگلہ کو خالی کرنے کیلئے ملے نوٹس کا جواب دیتے ہوئے کہا ہے کہ وہ وقت پر بنگلہ خالی کر دیں گے۔ لوک سبھا سکریٹریٹ میں ڈپٹی سکریٹری، ایم ایس برانچ کی طرف سے سرکاری بنگلہ خالی کرنے کو ملے نوٹس کے جواب میں مسٹر گاندھی نے کہا کہ وہ اپنے حقوق سے واقف ہیں اور بنگلے کے بارے میں انہیں جو نوٹس ملا ہے، وہ اس پر عمل کریں گے۔ کیرالہ کے وائناڈ سے لوک سبھا کے رکن راہل گاندھی نے اپنے خط میں کہا کہ وہ پچھلی چار مدت کار سے لوک سبھا کیلئے منتخب ہوئے ہیں۔ اس مینڈیٹ پر وہ عوام کے مشکور ہیں۔ انہوں نے اس دوران لوک سبھا میں اپنے دور کو انتہائی خوشگوار اور یادگار قرار دیا اور کہا کہ وہ بنگلہ خالی کرنے کیلئے موصول ہونے والے نوٹس پر عمل کریں گے۔

دریں اثنا کانگریس کے صدر ملکارجن کھڑگے نے راہل گاندھی کو ان کی سرکاری رہائش گاہ خالی کرنے کو کہے جانے کو لے کر منگل کو مرکز پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ وہ پارٹی کے سابق صدر کو 'دھمکانے، ڈرانے اور ذلیل' کرنے کے سرکار کے رویے کی مذمت کرتے ہیں۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ گاندھی اپنی ماں سونیا گاندھی کے ساتھ ان کی 10 جن پتھ پر واقع رہائش گاہ پر رہ سکتے ہیں یا وہ خود ان کیلئے ایک گھر خالی کر سکتے ہیں۔ کھڑگے نے پارلیمنٹ جانے سے پہلے صحافیوں سے کہا کہ 'وہ انہیں (راہل گاندھی) کمزور کرنے کے لیے سب کچھ کریں گے۔ وہ اپنی ماں کے ساتھ رہ سکتے ہیں یا وہ میرے ساتھ رہ سکتے ہیں، میں ان کیلئے (گھر) خالی کر سکتا ہوں۔ میں سرکار کے دھمکانے، ڈرانے اور ذلیل کرنے کے رویے کی مذمت کرتا ہوں۔' کانگریس صدر نے کہا کہ 'جمہوریت میں کئی بار ہم 3-4 مہینے مکان کے بغیر رہے ہیں۔ مجھے یہ بنگلہ 6 مہینے بعد ملا۔ لوگ دوسروں کو ذلیل کرنے کیلئے یہ سب کرتے ہیں۔ میں اس رویے کی مذمت کرتا ہوں۔' ادھر راجیہ سبھا کے رکن کپل سبل نے کانگریس لیڈر راہل گاندھی کو ان کا سرکاری بنگلہ خالی کرنے کیلئے کہے جانے کو لے کر منگل کو سرکار پر نشانہ سادھا اور اسے 'سطحی لوگوں کی سطحی سیاست' قرار دیا۔ واضح رہے کہ گزشتہ ہفتہ ہتک عزت کے ایک معاملے میں قصوروار قرار دیے جانے کے بعد لوک سبھا کی رکنیت کے نااہل قرار دیے گئے راہل گاندھی کو 22 اپریل تک انہیں الاٹ کردہ سرکار بنگلہ خالی کرنے کو کہا گیا ہے۔ اس سلسلے میں سبل نے ٹویٹ کیا کہ 'راہل کو بنگلہ خالی کرنے کے لیے کہا گیا ہے... ان کا ضمیر مر چکا ہے۔ سطحی لوگوں کی سطحی سیاست۔'

# مضبوط لڑائی کیلئے تیار رہیں ◻ وزیر اعظم کی پارٹی لیڈروں سے اپیل

**نئی دہلی، (ایجنسیاں)**

منگل کو بی جے پی کی پارلیمانی پارٹی کی میٹنگ ہوئی۔ اس میٹنگ میں وزیر اعظم مودی نے پارٹی لیڈروں سے کہا کہ وہ مضبوط لڑائی کے لیے تیار رہیں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ جیسے جیسے پارٹی کامیابی کی سیڑھی چڑھے گی، اپوزیشن جماعتوں کی جانب سے مزید حملے ہوں گے۔ یہ میٹنگ پارلیمنٹ کے احاطہ میں ہوئی۔ میٹنگ کے آغاز میں وزیر اعظم مودی کو 3 ریاستوں میں اقتدار حاصل کرنے پر مبارکباد پیش کی گئی۔

بی جے پی پارلیمانی پارٹی کی میٹنگ کے دوران وزیر اعظم نے پارٹی ممبران پارلیمنٹ کو مشورہ دیا کہ وہ 9 سالوں کے دوران حکومت کی طرف سے کیے گئے کاموں کو عوام تک لے جائیں اور اپنے اپنے علاقوں میں اس کی تشہیر کریں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ 15 مئی سے 15 جون تک تمام ارکان پارلیمنٹ اپنے اپنے پارلیمانی حلقوں میں عوام سے ملاقات کریں۔ واضح رہے کہ لوک سبھا انتخابات میں ایک سال باقی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ جہاں اپوزیشن حکومت کے خلاف ماحول بنانے میں مصروف ہے، وہیں حکومت بھی اپنے کام عوام تک پہنچانے میں مصروف ہے۔ واضح رہے کہ ہتک عزت کیس میں راہل گاندھی کی رکنیت کی منسوخی کے بعد اپوزیشن حکومت کے خلاف بھڑک اٹھی ہے۔ اپوزیشن حکومت کے خلاف ملک بھر میں بڑے پیمانے پر احتجاج کی حکمت عملی تیار کر رہی ہے۔ اپوزیشن راہل گاندھی کی پارلیمنٹ کی رکنیت کی منسوخی کو جمہوریت پر حملہ قرار دے رہی ہے۔ ساتھ ہی بی جے پی راہل گاندھی پر او بی سی طبقہ کی توہین کا الزام لگا رہی ہے۔ اس سے پہلے لندن میں راہل گاندھی کے بیان پر بھی ہنگامہ جاری ہے۔ اپوزیشن جہاں اڈانی کیس پر جے پی سی کی تشکیل کا مطالبہ کر رہی ہے، وہیں حکمراں پارٹی راہل گاندھی سے لندن میں اپنے بیان پر معافی مانگنے کا مطالبہ کر رہی ہے جس کی وجہ سے بجٹ اجلاس کے دوران ایوان کا کام بھی نہیں ہو پا رہا ہے۔

# جے پی سی جانچ ہوئی تو اڈانی نہیں مودی جی ڈوبیں گے: کجریوال

**نئی دہلی، (ایجنسیاں)** دہلی اسمبلی کے بجٹ اجلاس کے دوران منگل کو اڈانی کیس کے حوالے سے ایوان میں ایک قرارداد پیش کی گئی جسے بحث کے بعد منظور کر لیا گیا۔ سنکلپ پتر کی حمایت کرتے ہوئے، وزیر اعلیٰ اروند کجریوال نے بی جے پی کے ایک سینئر لیڈر کے ساتھ ہونے والی بات چیت کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ اڈانی تو صرف محاذ پر ہے، سارا پیسہ مودی جی کا لگا ہوا ہے۔ اڈانی صرف پیسے کو مینج کرتا ہے۔ کجریوال نے کہا کہ جے پی سی کی جانچ ہو گئی تو اڈانی نہیں، مودی جی ڈوبیں گے، اس لیے وزیر اعظم ہنڈنبرگ رپورٹ آنے کے بعد بھی اڈانی کو بچانے میں لگے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مودی جی کم پڑھے لکھے ہیں۔ ان کو اڈانی بتاتا ہے کہ پیسہ کہاں لگانا ہے۔ 2014 میں اڈانی کی دولت 50 ہزار کروڑ تھی اور 7 سالوں میں بڑھ کر 11.50 لاکھ کروڑ ہو گئی ہے۔ مودی جی ملک کو دونوں ہاتھوں سے لوٹ رہے ہیں۔ انہوں نے صرف 7-8 سالوں میں کانگریس سے 10 گنا زیادہ لوٹ لیا۔ کجریوال نے کہا کہ مجھے لگتا ہے کہ اگر آزادی کے بعد سب سے بدعنوان وزیر اعظم اگر کوئی ہوا ہے، جنہوں نے ملک کو اتنا لوٹا ہے تو وہ موجودہ وزیر اعظم ہیں۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ مجھے بی جے پی کے ایک لیڈر نے ایک ایک کر کے ساری باتیں بتائیں۔ یہ سب سن کر پہلے تو میں بہت حیران ہوا کہ یہ کیا کہہ رہا ہے کہ اڈانی گروپ کے اندر سارا پیسہ مودی جی کا لگا ہے۔ (تفصیلی خبر اپنا شہر صفحہ 5 پر)

## مختصر خبریں

### راہل کے معاملے کو دیکھ رہے ہیں: امریکہ

**نئی دہلی، (یو این آئی)** امریکہ نے کہا ہے کہ وہ راہل گاندھی کے معاملے کو دیکھ رہا ہے اور کانگریسی لیڈر کو 'مودی سرنیم ریمارکس' معاملے میں عدالت کی طرف سے سزا سنائے جانے کے بعد جمہوری اقدار اور اظہار رائے کی آزادی کے تئیں عہد پر حکومت ہند کے ساتھ بات چیت کر رہا ہے۔ واشنگٹن میں ایک میڈیا بریفنگ میں راہل گاندھی سے متعلق ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے، ہند۔ امریکی محکمہ خارجہ کے ترجمان ویدانت پٹیل نے کہا کہ قانون کی حکمرانی اور عدالتی آزادی کا احترام کسی بھی جمہوریت کی بنیاد ہے۔ ہم مسٹر گاندھی کے معاملے کو دیکھ رہے ہیں اور جمہوری اقدار اور آزادی اظہار کیلئے اپنی مشترکہ وابستگی پر حکومت ہند کے ساتھ رابطے میں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستانی شراکت داروں کے ساتھ ہمارے انسلاک میں، ہم آزادی اظہار سمیت انسانی حقوق کے تحفظ، دونوں جمہوریتوں کو مضبوط کرنے کی کلید کے طور پر جمہوری اصولوں کی اہمیت کو اجاگر کرنا جاری رکھا ہے۔ یہ پوچھے جانے پر کہ کیا امریکہ راہل گاندھی کے ساتھ اپوزیشن لیڈر کی حیثیت سے بات چیت کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 'ہمارے لیے یہ معمول اور معیاری ہے کہ ہم کسی بھی ایسے ملک میں جہاں ہمارے دو طرفہ تعلقات ہوں، اپوزیشن جماعتوں کے اراکین کے ساتھ بات چیت کریں'۔

### پین کو آدھار سے جوڑنے کی آخری تاریخ میں 30 جون تک توسیع

**نئی دہلی، (یو این آئی)** پرمانٹ اکاؤنٹ نمبر (PAN) کو آدھار کے ساتھ جوڑنے کی آخری تاریخ کو 30 جون 2023 تک 3 ماہ بڑھا دیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں، سینٹرل بورڈ آف ڈائریکٹ ٹیکس (سی بی ڈی ٹی) نے آج کہا کہ پہلے یہ مدت 31 مارچ تک تھی، جسے اب بڑھا کر 30 جون 2023 کر دیا گیا ہے۔ اس دوران، جو لوگ پین کو آدھار سے لنک نہیں کرتے ہیں، ان کا پین یکم جولائی 2023 سے غیر فعال ہو جائے گا، جس کی وجہ سے متعلقہ شخص کو رقم کی واپسی جاری نہیں کی جائے گی۔ پین کے غیر فعال رہنے کی مدت کے لیے رقم کی واپسی پر سود نہیں ملے گا۔ ٹی سی ایس اور ٹی ڈی ایس ٹیکس کی شرح قانون میں کی گئی دفعات کے مطابق بڑھائی جائے گی۔ سی بی ڈی ٹی نے کہا کہ پین اور آدھار کو لنک کرنے کے بعد پین ایک ماہ کے بعد فعال ہو جائے گا اور اس کیلئے 1000 روپے کی فیس بھی ادا کرنی ہوگی۔

### سعودی عرب میں بس حادثہ ◻ 20 افراد ہلاک

**ریاض، (یو این آئی)** سعودی عرب میں ایک پل سے ٹکرانے کے بعد مکہ جانے والے زائرین کی بس میں آگ لگنے سے کم از کم 20 افراد ہلاک اور 20 سے زیادہ زخمی ہو گئے۔ العربیہ نے اپنی رپورٹ میں کہا کہ ابتدائی معلومات کے مطابق حادثے میں 20 افراد ہلاک، جبکہ 29 زخمی ہوئے۔ سعودی عرب میں عسیر کے شمال میں 'عقبہ شعار' میں بس کو حادثہ پیش آ گیا۔ ذرائع نے بتایا کہ حادثہ پیر کی سہ پہر عسیر کے علاقے 'عقبہ شعار' پر پیش آیا۔ بس بریک فیل ہونے کے باعث ایک پل سے ٹکرائی اور الٹ گئی اور اس میں آگ لگ گئی۔ زخمیوں کو علاقے کے اسپتالوں میں منتقل کر دیا گیا۔

Con
Greed
Fake claims
Bonus
Scam
Con
Fake c
KYC
دھوکہ بازوں سے ہوشیار رہیں

احتیاط

- غیر تصدیق شدہ ذرائع سے کالس، میسجیس، یا ای میلس سے بات چیت نہ کریں۔
- کسی بھی مبالغہ آمیز وعدوں یا کسی مالیاتی فائدوں کے لالچ میں نہ آئیں اور آپ کی پالیسی اور کے وائی سی کی تفصیلات یا کسی بھی انفرادی نام یا اکاؤنٹ میں کوئی بھی ادائیگی کو ظاہر نہ کریں۔
- ایل آئی سی آف انڈیا کے وائی سی کی تصدیق کے لئے کبھی بھی کال/ایس ایم ایس/وہاٹس ایپ/ای میل/ نہیں کرے گا۔
اپنی ذاتی / بینک کی تفصیلات دھوکہ دہی کرنے والوں کے ساتھ شیئر نہ کریں اور ناقابل اعتبار/جعل سازی کے لنکس پر کِلِک نہ کریں۔

اگر آپ کو ایسی جعلی کالس، واٹس ایپ میسجیس، یا ای میل موصول ہوتے ہیں تو، براہ کرم پولیس کے پاس اس فون نمبر/ای میل آئی ڈی کی تفصیلات کے ساتھ ایف آئی آر درج کریں جہاں سے آپ کو کال/ میسج/ ای میل موصول ہوئی ہے اور پولیس شکایت کی ایک کاپی کے ساتھ، (اگر ایف آئی آر درج کی گئی ہے) spuriouscalls@licindia.com لنک پر، ہمیں رپورٹ کریں۔

LIC
لائف انشورنس کارپوریشن آف انڈیا
LIFE INSURANCE CORPORATION OF INDIA
SMS کریں LICHELP <پالیسی نمبر> پر 92224 92224
کال سینٹر سروسیز (022) 6827 6827
licindia.in :وزٹ
LIC digital
'Hi' ہمارا وہاٹس ایپ نمبر 8976862090
LIC India Forever | www.licindia.in | IRDAI Regn No.: 512
ہر پل آپ کے ساتھ
LIC/P1/2022-23/25/Urd

## اوقاتِ سحر و افطار 2023

| نام شہر | وقت افطار | ختم سحری |
|---|---|---|
| دہلی | 6:37 | 4:56 |
| نوئیڈا | 6:39 | 4:53 |
| غازی آباد | 6:37 | 4:54 |
| سہارنپور | 6:37 | 4:48 |
| دیوبند | 6:37 | 4:48 |
| نجیب آباد | 6:36 | 4:45 |
| نگینہ | 6:36 | 4:45 |
| مظفر نگر | 6:37 | 4:48 |
| کھتولی | 6:38 | 4:48 |
| بلند شہر | 6:35 | 4:49 |
| مرادآباد | 6:34 | 4:43 |
| کانٹھ | 6:34 | 4:43 |
| سکندر آباد | 6:38 | 4:51 |
| رام پور | 6:34 | 4:34 |
| افضل گڑھ | 6:36 | 4:45 |
| میرٹھ | 6:40 | 4:48 |
| علی گڑھ | 6:36 | 4:47 |
| میوات | 6:39 | 4:54 |
| چنڈی گڑھ | 6:40 | 4:51 |
| ہاپوڑ | 6:37 | 4:55 |
| بدایوں | 6:33 | 4:41 |
| شاملی | 6:38 | 4:54 |
| چاندپور | 6:36 | 4:45 |
| گنگوہ | 6:37 | 4:48 |
| نور پور | 6:36 | 4:45 |
| خورجہ | 6:37 | 4:53 |
| بجنور | 6:36 | 4:45 |

**فقہ جعفریہ**
افطار کے لیے 10 منٹ اضافہ کریں
سحری کے لیے 10 منٹ کم کریں

نوٹ: یہ نظام الاوقات احتیاط کے ساتھ ترتیب دیا گیا ہے۔ اگر کسی جگہ فرق ہو تو فوراً مطلع کریں۔ (ادارہ)